© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**قرآن حکیم**' مع ترجمہ اور اخذ و تلخیص تفسیر تدبر قرآن' مولانا امین احسن اصلاحیؒ، اخذ و تلخیص: خالد مسعود۔

ناشر: فاران فاؤنڈیشن' ۱۲۲ فیروز پور روڈ' لاہور۔ ۵۴۶۰۰۔ صفحات: ۹۸۹۔ ہدیہ: ۵۵۰ روپے۔

مولانا امین احسن اصلاحیؒ کی تفسیر تدبر قرآن نو جلدوں میں دستیاب ہے۔ چھ ہزار سے زائد صفحات کی اس ضخیم اور مفصل تفسیر کا مطالعہ قاری سے ایک خاصے لمبے عرصے کا تقاضا کرتا ہے' نیز: ''یہ ان لوگوں کو مشکل محسوس ہوتا ہے' جو علمی چیزوں کا مطالعہ کرنے کے عادی نہیں''۔ چنانچہ مولانا اصلاحیؒ کے شاگردِ خاص خالد مسعود صاحب نے زیرنظر یک جلدی نسخہ تیار کیا ہے' جس میں متنِ قرآن کے ساتھ' ترجمہ اور مختصر حواشی شامل ہیں' جو مرتب کے بقول: ''مولانا کی تفسیر سے ماخوذ اور بیشتر انھی کے الفاظ میں ہیں''۔ ہر سورہ کے حواشی سے پہلے ایک دو سطروں میں اس سورہ کا مرکزی مضمون بیان کر دیا گیا ہے۔

مرتب نے پیش لفظ میں زیرنظر کتاب کی سکیم کے ساتھ' مولانا اصلاحیؒ کے ترجمۂ قرآن حکیم کی بعض خصوصیات کی طرف بھی اشارہ کیا ہے' مثلاً: اصلاحی صاحب سلیس عبارت میں بامحاورہ ترجمہ کرتے ہیں' تاہم وہ سلیس زبان میں کسی قدر قدامت بھی باقی رکھتے ہیں۔ ایک ہی مضمون پر مشتمل آیات کے مجموعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے' ترجمے کو پیروں کی صورت میں مرتب کیا گیا ہے۔ عربی اسلوب بیان میں الفاظ اور جملوں کے حذف کی متعدد شکلیں ہیں مگر اُردو میں ایسا نہیں ہوتا۔ اس لیے قرآن حکیم کے مترجمین محذوف مفہوم کو قوسین میں لکھتے ہیں' مگر اصلاحی صاحب ایسا نہیں کرتے' وہ حذف کو کلام کا حصہ مانتے ہوئے' ترجمے میں اُسے کھول کر لکھ دیتے ہیں --- وغیرہ۔

ترتیب' کتابت [ہر صفحے پر متن' ترجمہ اور پاورق میں حواشی --- چاروں طرف حاشیے میں ہلکے رنگ کی سکرین نما' زمین]' طباعت' کاغذ' جلد' سب بہت عمدہ اور مناسب۔ اس اہتمام سے تیار کردہ کتاب کو بجا طور پر ''سٹینڈرڈ ایڈیشن'' کا نام دیا گیا ہے۔ خدا کرے خدمتِ قرآنی کی اس کاوش کو شرفِ قبول عطا ہو۔ (رفیع الدین ہاشمی)

© rasailojaraid.com